HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

# تحفظ کے ساتھ، کامیاب مستقبل کی طرف



# ای ایف یو تکافل ایکسیلنس پلان

---

efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## شرعیہ کمپلائینس سرٹیفکیٹ

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ-ونڈو تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے ای ایف یو تکافل ایکسیلنس پلان کا جائزہ لیا ہے جو کہ حبیب میٹروپولیٹن بینک کے توصل سے تقسیم کیا جارہا ہے۔یہ تکافل پلان وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔

نیز میں نے اس مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا بغور مطالعہ کیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے۔لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز کی مذکورہ اسکیم کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

تاریخ: ۴۲ مارچ ۵۲۰۲

مُفتی
مُحمد اِبراھیم عیسٰی
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

محمد ابراہیم

مفتی محمد ابراہیم عیسی
شرعی مشیر

---

### یونٹ ایلوکیشن:

ای ایف یو لائف فنڈز کے یونٹس کی خریداری کے لیے کنٹری بیوشنز درج ذیل فیصد کے اعتبار سے مختص کیے جاتے ہیں:

| ممبرشپ سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کے چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 70 فیصد | 30 فیصد |
| 2 | 85 فیصد | 15 فیصد |
| 3 | 95 فیصد | 5 فیصد |
| 4 سے 9 | 100 فیصد | – |
| 10 اور اس سے زیادہ | 103 فیصد | – |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کیے گئے کنٹری بیوشن/ زرِ تکافل میں سے تخصیص کی فیس منہا کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی۔

اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے مختص کیا جاتا ہے۔

### فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن (ایف اے سی):

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو پلان ان رقوم کو پلان میں شامل کرنے کی اور بچتوں میں تیزی فراہم کرنے کی لچک پیش کرتا ہے۔اس یکمشت رقم کو فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کہتے ہیں اور اس کو دوران مدّت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جاسکتا ہے۔کم از کم ایف اے سی 100,000 روپے ہے۔

### مکمل اور جزوی دستبرداری:

پلان ہمیشہ جمع شدہ فنڈ مالیت تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔مختص کیے گئے تمام یونٹس (خواہ جزوی طور پر یا مکمل طور پر) پہلے سال کے باقاعدہ کنٹری بیوشن کی ادائیگی کے بعد نکالے جاسکتے ہیں۔جزوی دستبرداری فنڈ میں 100,000 روپے موجود رہنے سے مشروط ہے۔اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیو میں تبدیل کردیا جائے گا اور پلان کو ختم کردیا جائے گا۔

### عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات:

قابلِ اطلاق عمر اور مدّت کیا ہے؟

شریک تکافل کی عمر 18 سے 55 کے درمیان ہونی چاہیے۔تکافل ممبرشپ کی مدّت 10 سے 25 سال کے درمیان کم زیادہ ہوسکتی ہے۔جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 65 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

**کم از کم کنٹری بیوشن کی حدود کیا ہے؟**

شرکاء کے لیے کم از کم کنٹری بیوشن 100,000 روپے سالانہ ہے۔تاہم کنٹری بیوشن سالانہ ششماہی، سہ ماہی، ماہانہ موڈ کے اختیارات کے ساتھ ادا کیا جاسکتا ہے۔

### چارجز:

**وکالۃ الاستثمار:**

| خصوصیات | چارجز |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 200 روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج | دو سال کے مکمل کنٹریبیوشن ادا کردیے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |
| تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن) | شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائے گی۔البتہ جب کیش ویلو سم کوورڈ (زرِ تحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔ |
| وکالہ چارجز | تکافل ڈونیشن کا 50 فیصد |

### کلیم:

کسی بھی غیر متوقع واقعے کے صورت میں، آپ اپنے کلیم کی اطلاع کسی بھی حبیب میٹروپولیٹن بینک کی شاخ میں، ای ایف یو ہیڈ آفس جا کر یا ملک میں ہماری کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔کلیم پر فوری عمل درآمد کے لیے، آپ ہمارے کال سینٹر 021-111-338-438 پر فون کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر جا کر، اطلاعی فارم بھر سکتے ہیں اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔اس کے بعد آپ سے اگلے اقدامات کے لیے رابطہ کیا جائے گا۔

### انتباہ

- شریعہ سے ہم آہنگ یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کا تحریر کردہ ہے۔یہ پروڈکٹ حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس کی ذیلی کمپنی کا نہیں ہے اور نہ حبیب میٹروپولیٹن بینک اس کا ضامن ہے۔ ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہی اس سے وابستہ تمام اُمور کا ذمہ دار ہوگا۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے گرانقدر صارفین کے لیے اس پروڈکٹ کے لیے محض ایک کارپوریٹ تکافل ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت سے کام کررہا ہے۔
- تکافل ممبرشپ سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کے لیے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز واحد اور انفرادی طور پر ذمہ دار ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلئے رہنمائی کا باعث ہو۔کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہوں گے۔
- ہمارا نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک شخصی مثال فراہم کرے گا۔برائے مہربانی اس مثال میں دیے گئے تمام شرائط وضوابط کو پڑھیں اور سمجھیں کیونکہ ان کی مکمل آگاہی انتہائی ضروری ہے۔
- سروس چارجز اور ٹیکسیز بینک کے اسلامک شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں گے۔فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہرحال ممبرشپ کے حامل کو برداشت کرنے ہوں گے۔
- معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شریک تکافل رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔
- اگر آپ کو اپنی تکافل ممبرشپ سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ کسی بھی حبیب میٹرو بینک کی برانچ میں جاسکتے ہیں یا آپ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے (021)-111-EFU-HEM، (111-338-436) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

**ای ایف یو لائف-ونڈو تکافل آپریشنز**
**ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8ویں ایسٹ اسٹریٹ،**
**فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی، پاکستان**
**فون: +92-21-111-EFU-HEM(111-338-436)**
**فیکس: +92-21-34537519**
ای میل: **csd@efuhemayahtakaful.com**
ویب سائٹ: **www.efuhemayahtakaful.com**

## ای ایف یو تکافل ایکسیلنس پلان

ای ایف یو تکافل ایکسیلنس پلان ایک انویسٹمنٹ لنکڈ تکافل پروڈکٹ ہے جو آپ کو دانشمندانہ سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہے تاکہ آپ اپنے خاندان کے لیے ایک روشن مستقبل یقینی بنا سکیں۔ یہ پلان آپ کی سرمایہ کاری کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے اور منافع میں اضافہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ آپ کو اپنے خوابوں کو حقیقت بنانے کے لیے فنڈز جمع کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے، چاہے وہ ایک خوبصورت گھر کی تعمیر ہو، بچوں کی تعلیم، کاروبار میں سرمایہ کاری، یا اپنے خاندان کے ساتھ ایک یادگار چھٹی گزارنا ہو۔

یہ پلان ای ایف یو لائف- ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ ایڈوائزر، مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ، کی جانب سے جانچ اور منظوری شدہ ہے۔ وہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے ایک نامور عالم دین ہیں اور اسلامی فنانس اور تکافل میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ مشیر مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ نے، جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے ایک نامور اسکالر ہیں اور اسلامی مالیات اور تکافل کا ایک وسیع تجربہ رکھتے ہیں، ای ایف یو تکافل مستحکم ہائی ویلیو سیونگ پلان پر نظرثانی کی ہے اور اس کی منظوری دی ہے۔

**پروڈکٹ کا اظہار:**

**یہ ایک ایسا فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو نمایاں عناصر ہیں یعنی تحفّظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ سے منسلک فنڈ (فنڈز) کے تحت اساسی سرمایہ جات کی کارکردگی سے مربوط ہے۔**

**غوروفکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):**

**اگر آپ ممبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹری بیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی۔**

**نشوونما کے لیے مواقع:**

آپ درج ذیل فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائلنگ ان میں کی جانے والی سرمایہ کاری کے تحت کی گئی ہے۔

**ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ**

**فنڈ کی قسم: متوازن**

**رسک پروفائل: درمیانی**

یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاءتکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ای ایف یو تکافل کنزرویٹیو فنڈ:**

**فنڈ کی قسم: انکم فنڈ**

**رسک پروفائل: کم**

ای ایف یو تکافل کنزرویٹیو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمتِ عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سکیورٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکویٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدّت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروّجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی خدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرکاءتکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔

**ای ایف یو تکافل ایگریسیو فنڈ:**

**فنڈ کی قسم: ایگریسیو**

**رسک پروفائل: زیادہ**

یہ یونٹ سے منسلک شرکاءتکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدِنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ملٹی پل فنڈ آپشن**

اس اختیار کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈ کے مرکب کو 10 فیصد کے ملٹی پلز میں منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10 / 90، 20 / 80، 30 / 70، 40 / 60 یا 50 / 50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔


***ای ایف یو تکافل کنزرویٹیو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا۔**

**تکافل کیا ہے؟**

تکافل ماہرین شریعت کی زیرِ نگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفّظ اور سرمایہ کاری کا طریقۂ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپ کے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں اور ہر مسائل سے تحفّظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹ باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

**تکافل ممبر شپ کیسے کام کرتی ہے؟**

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالۃ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے۔ معاشرے میں سے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لیے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تاکہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کر سکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




**سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟**

یہ تکافل پلان شرکاءتکافل کو مالی خطرات کے تحفّظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ شرکاءتکافل فنڈ میں تبرع (عطیہ) کا حصّہ ڈال کر ممکنہ سرپلس کی تقسیم میں حصّے دار بھی ہو سکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اپنے شریعہ مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کے منظور کردہ طریقۂ کار کے مطابق پی ٹی ایف میں سرپلس کا تعین کرے گا۔

**سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟**

پی ٹی ایف کے سرپلس کا ایک حصّہ شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹس کی تخصیص کے ذریعے شریک میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ یہ اضافی بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی نقد اقدار میں نمایاں اضافہ کریں گے۔

**وقف ڈونیشن:**

وقف ڈونیشن جو تکافل تحفّظ اور شریک تکافل کی عمر پر منحصر ہوتا ہے، بنیادی پلان کنٹری بیوشن سے (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گا۔

**فوائد:**

**ڈیتھ بینیفٹ:**

تکافل کی مدّت کے دوران شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں مندرجہ ذیل تکافل بینیفٹ ادا کیا جائے گا:

- پلان کا سم کورڈ یا بنیادی کنٹری بیوشن کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو)

**پلس**

- فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہوں)

**میچورٹی بینیفٹ:** ممبر شپ کی مدّت کے اختتام تک اگر شریک تکافل حیات ہو تو میچورٹی بینیفٹ مندرجہ ذیل ہوگا:

- بنیادی پلان کے کنٹری بیوشن کو مختص کیے گئے یونٹس کی کیش ویلیو (شرکاءتکافل انویسٹمنٹ فنڈ (پی ائی اے) میں سے)

**پلس**

- شرکاءتکافل انویسٹمنٹ فنڈ (پی ائی اے) میں سے فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو (اگر کوئی ہوں)

**سم کورڈ:**

وفات کی صورت میں یہ ضمانت شدہ رقم شرکاءتکافل کو ادا کی جاتی ہے۔ سم کورڈ کا تعین سالانہ بنیادی کنٹری بیوشن سے ضرب کردہ کور ملٹیپل کے مساوی ہے۔ کور ملٹیپل کا انحصار پالیسی خریدتے وقت کی عمر پر ہے۔ درج ذیل تفصیل سے سم کور کا انتخاب کیا جائے گا:

| عمر | کور ملٹیپل |
|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 سے 25 |
| 36 سے 40 سال | 5 سے 15 |
| 41 سے 49 سال | 5 سے 10 |
| 50 سے 65 سال | 5 |

دس پالیسی سالوں کی کنٹری بیوشن کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہو) تو منسوخ ہو جائیں گے اگر تکافل کی مدّت میں اضافے کا انتخاب کر لیا جاتا ہے۔

**اختیاری فوائد:**

اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مختلف اختیاری فوائد آپ کو حاصل ہو سکتے ہیں جو آپ کے تحفّظ کے درجے کو بڑھانے کے لیے بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کیے جا سکتے ہیں۔

**تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ:***

اگر وفات کسی حادثے کے باعث پیش آتی ہے تو یہ فائدہ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈسیبلیٹی بینیفٹ پلس:***

حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں یہ رائڈر ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم تکافل:**

شریک تکافل کی وفات کی صورت میں یہ فائدہ بنیادی پلان کی سم کورڈ کا 50 فیصد سے 300 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کر کے زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

**تکافل ریٹرن آف کنٹری بیوشن بینیفٹ:**

ریٹرن آف کنٹری بیوشن بینیفٹ ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے متوقع صارفین کو پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں، شرکاءتکافل کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ کنٹری بیوشن کی واپسی کے رائڈر کے لیے ادا کیے گئے کنٹری بیوشن کو نکال کر ادا شدہ کنٹری بیوشن کی کل رقم حاصل کر سکے گا۔

**تکافل فیملی انکم بینیفٹ:**

یہ فائدہ ممبر شپ کی مدّت کے دوران شرکاءتکافل کی اچانک وفات کی صورت میں یہ پلان اہل خانہ کو ایک ماہانہ آمدنی کی ادائیگی یقینی بناتا ہے۔

**تکافل ویور آف کنٹری بیوشن:**

اگر شریک تکافل کسی بیماری یا حادثے کے باعث 6 ماہ یا اس سے زیادہ اپنی ملازمت یا کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہو تو کنٹری بیوشن کی رقم ای ایف یو لائف شرکاءتکافل فنڈ (پی ٹی ایف) سے ادا کرے گی۔

***ایک وقت میں تکافل ایکسینڈنٹل بینیفٹس میں سے ایک کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔**